Headlines

☆☆ آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے کہا ہے کہ ریاست کی دریاؤں کو مربوط کرتے ہوئے 2 کروڑ ایکڑ اراضی کے لئے پانی سیراب کیا جائے گا۔

☆☆ راجیہ سبھا کے صدر نشین وینکیا نائیڈو نے چیف جسٹس آف انڈیا دیپک مشرا کے خلاف مواخذہ کی اپوزیشن کی نوٹس کو مسترد کر دیا۔

☆☆ کانگریس کے سینئر لیڈر کپل سبل نے کہا ہے کہ مواخذہ کی نوٹس کو مسترد کرنے صدر نشین راجیہ سبھا کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں درخواست داخل کی جائے گی۔

اور

☆☆ وزیر اعظم کی ''من کی بات'' کا 43 واں ایڈیشن اس ماہ کی 29 تاریخ کو یعنی اگلے اتوار کو 11 بجے دن آل انڈیا ریڈیو کے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔

<<>><<>>

آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے کہا ہے کہ ریاست کی دریاؤں کو مربوط کرتے ہوئے 2 کروڑ ایکڑ اراضی کے لئے پانی سیراب کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے مغربی گوداوری ضلع میں پولاورم پراجکٹ کے اِسپل وے کنکریٹ کے کاموں کا معائنہ کیا اور بعد ازاں میٹنگ ہال کا افتتاح کیا۔ انھوں نے اس موقع پر کسانوں سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ سریکاکلم سے نیلور تک ومسادھارا، ناگاولی، گوداوری، کرشنا، پینا اور شاردا دریاؤں کو مربوط کرتے ہوئے ریاست میں خشک سالی کی صورتِ حال سے نمٹا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ زیرزمین پانی کی صورتِ حال میں بہتری کے لئے واٹر پاؤنڈس اسکیم کے بہتر نتائج سامنے آئے ہیں۔ تاحال 52 فیصد کام مکمل ہوگئے ہیں اور پولاورم پراجکٹ کے زیرزمین کے کام آئندہ ماہ مکمل کئے جائیں گے۔ مرکز نے اس پراجکٹ کے لئے تاحال 5,375 کروڑ روپے دیئے ہیں اور 2,900 کروڑ روپے جاری کئے۔ انھوں نے اس بات کی یقین دہانی کروائی کہ رائل سیما کو ہارٹیکلچر کلب کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ موجودہ طور پر رائل سیما کے اضلاع کے لئے 4 ہزار کیوزک پانی پٹی سیما سے جاری کیا جارہا ہے اور اس میں 8,500 کیوزک تک اضافہ کیا جائے گا۔ چندرا بابو نائیڈو نے کہا کہ ریاست کی بازآبادکاری کے لئے 40 ہزار کروڑ روپے درکار ہیں۔ ریاستی وزراء ڈی اوما مہیشور راؤ، کے ایس جواہر، ارکان پارلیمنٹ مرلی موہن، ماگنٹی بابو اور دوسرے موجود تھے۔

<<>><<>>

راجیہ سبھا کے صدر نشین وینکیا نائیڈو نے چیف جسٹس آف انڈیا دیپک مشرا کے خلاف مواخذہ کی اپوزیشن کی نوٹس کو

مسترد کر دیا۔ اپنے 10 صفحات کے حکم میں وینکیا نائیڈو نے لگائے گئے ہر الزام سے نمٹا اور دعویٰ کیا کہ اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ اپنے خود کے معاملہ پر غیر یقینی کے حامل ہیں اور وہ شبہات وتصور کے حامل ہیں۔ انھوں نے اپنے حکم میں اس احساس کا اظہار کیا کہ جن ارکان پارلیمنٹ نے یہ درخواست پیش کی ہے، وہ اپنے خود کے کیس سے ناواقف ہیں۔ انھوں نے اصطلاحات جیسے حقائق اور پرساد ایجوکیشن ٹرسٹ کے حالات کا استعمال کیا تا کہ یہ بتایا جائے کہ بادی النظر کے شواہد چیف جسٹس آف انڈیا کے غیر قانونی طور پر رشوت خوری کے معاملہ میں ملوث ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے ارکان شبہات اور مفروضہ کے حامل ہیں۔ ان کا یہ فیصلہ صدر نشین کی جانب سے اٹارنی جنرل آف انڈیا، سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج سدرشن ریڈی اور دیگر قانونی ماہرین سے مشاورت کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے۔

<<>><<>>

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ وسابق وزیر کپل سبل نے کہا ہے کہ مواخذہ کی نوٹس کو صدر نشین راجیہ سبھا کی جانب سے مسترد کرنا غیر قانونی، غیر معمولی، ناقص مشورہ اور عجلت میں لیا گیا فیصلہ ہے۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ارکان پارلیمنٹ کو اس تحریک کو پیش کرنے کا حق ہے اور راجیہ سبھا کے صدر نشین کے طور پر نائب صدر جمہوریہ اس حق سے محروم نہیں کر سکتے۔

<<>><<>>

کپل سبل نے کہا کہ وینکیا نائیڈو کا حکم ملک کے قانونی نظام کے برخلاف ہے۔ حکومت اس معاملہ کی جانچ میں دِلچسپی نہیں رکھتی۔ پارٹی اس حکم کو چیلنج کرنے کے لئے سپریم کورٹ میں درخواست داخل کرے گی۔

<<>><<>>

سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری چاڈا وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ سی پی آئی کی قومی کانفرنس 25 اپریل کو کیرل کے کولم میں منعقد کی جائے گی۔ انھوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں سیاسی بحران کے پس منظر میں یہ کانفرنس منعقد کی جارہی ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی کے کارکنوں نے تریپورہ میں لیفٹ کے کیڈر پر حملے کئے ہیں۔

<<>><<>>

تلنگانہ کے وزیر خزانہ ای راجندر نے کہا ہے کہ ٹی آر ایس حکومت گزشتہ دور میں منظورہ 800 کروڑ روپے کے برخلاف ریاست میں وظائف کے لئے 5,700 کروڑ روپۓ خرچ کرتی ہے۔ وزیر موصوف نے ضلع کریم نگر کے گاندھارا منڈل میں بیشتر ترقیاتی کاموں بشمول سنگ بنیاد کی تقریب میں حصہ لیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت نے عوام بالخصوص تلنگانہ ریاست کے لئے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ مودی حکومت نے ریاست کے لئے مناسب فنڈس الاٹ کرنے میں تعاون نہیں کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کو چلانے بی جے پی کے طریقۂ کار پر

عوام برہم ہیں۔

<<>><<>>

وزیراعظم کی ’’من کی بات‘‘ کا 43 واں ایڈیشن اس ماہ کی 29 تاریخ کو یعنی اگلے اتوار کو 11 بجے دن آل انڈیا ریڈیو کے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ وزیراعظم اُس دن عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ وزیراعظم کے خطاب کے فوری بعد ان کی تقریر کا تلگو ترجمہ اور اُسی دن 8 بجے شب پیش کیا جائے گا۔ تلگو ریاستوں کے تمام آل انڈیا ریڈیو اسٹیشنس ’’من کی بات‘‘ پروگرام نشر کریں گے۔

<<>><<>>

تلنگانہ کے وزیر بلدی نظم ونسق کے ٹی راماراؤ نے ٹی آر ایس کے اس ماہ کی 27 تاریخ کو ہونے والے پلینری سیشن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے قیام وطعام کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے لئے جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لئے پلینری کے مقام پر جگہ کے الاٹمنٹ کا جائزہ لیا۔ اس مرتبہ بھی شہر حیدرآباد کے نواحی علاقہ کومپلی کے ایک ہال میں پلینری سیشن منعقد کیا جائے گا۔ ہر اسمبلی حلقہ سے 150 نمائندے اس پلینری میں شرکت کریں گے۔ اطلاع کے مطابق ٹی آر ایس کے صدر و وزیراعلیٰ چندرشیکھر راؤ، کے ٹی راماراؤ کو پارٹی کے صدر کے طور پر ترقی دینے پر غور کر رہے ہیں۔

<<>><<>>

آندھراپردیش کے وزیر بلدی نظم ونسق پی نارائنا نے کہا ہے کہ ڈبل بیڈروم مکانات جو ریاست میں غریبوں کے لئے تعمیر کئے جا رہے ہیں، بہتر معیار کے حامل ہیں۔ وزیرموصوف نے آج راجمندری رورل کے بوموروگاؤں کے ہاؤزنگ کامپلکس کا دورہ کیا اور زیرتعمیر مکانات کا معائنہ کیا۔ انھوں نے تعمیر کے معیار پر کوئی مفاہمت نہ کرنے کا مشورہ دیا۔ امرتا اسکیم کے حصہ کے طور پر پینے کے پانی کی اسکیمات ریاست میں 105 کروڑ روپے کے صرفہ سے شروع کی گئی ہے۔ راجمندری کے رکن اسمبلی بچیا چودھری اور بی جے پی کے رکن اسمبلی اے ستیہ نارائنا، وزیرموصوف کے ساتھ تھے۔

<<>><<>>

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے مہاراشٹرا میں دوسالہ انتخابات اور آندھراپردیش میں ضمنی انتخاب کی تاریخ کا اعلان کیا ہے۔ یہ دو انتخابات 21 مئی کو 8 بجے صبح تا 4 بجے شام ہوں گے۔ آندھراپردیش کا ضمنی انتخاب منعقد ہوگا، کیونکہ چتور مجالس مقامی کے حلقہ سے نمائندگی کرنے والے مدوکرشنما نائیڈو کی موت ہوگئی تھی۔ نوٹیفکیشن 26 اپریل کو جاری کیا جائے گا۔ 3 مئی نام داخل کرنے کی آخری تاریخ ہے۔

<<>><<>>

سرکردہ تلگو شاعر۔ کمپوزر۔ فنکار و سابق ڈائریکٹر آل انڈیا ریڈیو بی راجنی کانت راؤ کی آخری رسومات آج سرکاری

اعزازات کے ساتھ وجئے واڑہ میں انجام دی گئیں۔ وہ وجئے واڑہ میں کل چل بسے تھے۔ ان کی عمر 98 سال تھی۔ راجنی کانت راؤ نے آل انڈیا ریڈیو کے لئے کئی دہائیوں تک کام کیا تھا۔ وہ وجئے واڑہ ڈیویژن کے ڈائریکٹر بھی رہے۔

<<>><<>>

جنگاؤں ضلع میں مختلف واقعات میں 3 افراد گزشتہ روز بجلی گرنے کے سبب ہلاک ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق 3 افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب زرعی کھیت میں ان پر بجلی گری۔ یہ واقعہ تاڑی گوپلا منڈل کے بوتا گاٹو گاؤں میں پیش آیا۔ اسی نوعیت کے ایک واقعہ میں مانکیالا پورم گاؤں کے زرعی کھیت میں بجلی گرنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں کیس درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا۔

<<>><<>>